اداریہ

اللہ تعالی کے فضل و کرم کے طفیل سہ ماہی تحقیقی مجلّہ نور معرفت کا 55 شمارہ قارئین کی خدمت میں پیش کر رہا ہوں۔ یقینا اہلِ قلم کے لئے ذات باری تعالی کی حقانیّت اور توحید پر ایمان کا تقاضا یہ ہے کہ وہ انسانی معاشرہ سے الحادی اور مشرکانہ افکار کے قلع و قمع کے لئے ٹھوس فکری مواد فراہم کریں۔ اس لئے کہ الحاد اور شرک کا تعلق افعال سے پہلے افکار اور عقیدے سے ہے اور عقائد وافکار میں مثبت یا منفی کوئی بھی تبدیلی صرف اور صرف فکری استدلال کے ذریعے لائی جا سکتی ہے۔ اِس پسِ منظر میں موجودہ شمارے کے پہلے دو مقالے، "الحاد، تعارف اور تاریخ – ایک تحقیقی جائزہ" اور "مشرکین عصر پیغمبرﷺ کا شرک۔ ابن عبد الوہاب کے نقطۂ نظر کا تنقیدی جائزہ" کے عنوان کے تحت شاملِ اشاعت ہیں۔ یقینا یہ مقالات قاری کو جہاں الحاد کی ماہیت، الحادی تحریک کی تاریخ اور اثرات سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ شرک کی ماہیت اور حدود وقیود سے بھی آشنا کریں گے۔

اس شمارے کے تیسرے مقالے میں امام مہدی علیہ السلام کے بارے میں متفقہ اسلامی عقائد کے برخلاف، قادیانی مدعیات کا تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔ اس میں ٹھوس دلائل کی روشنی میں قادیانی عقائد کو باطل ثابت کیا گیا ہے۔ اسی طرح چوتھے مقالے میں قابل قبول عقلی و نقلی دلائل کی روشنی میں عقیدۂ امامت سے مربوط، عصمت کے نظریہ میں ارتقاء کی تھیوری پر تنقید شامل ہے۔ یہ بحث نظریۂ امامت کے بارے میں ایک انتہائی اہم اور دقیق علمی گفتگو ہے۔ موجودہ شمارے کے پانچویں مقالے میں "فکرِ حالیؔ، کا ردّ عمل: مذہبی و ادبی عوامل" کے عنوان کے تحت، مولانا الطاف حسین حالیؔ کی فکری تشکیل اور ان کے عقائد کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ علماء اور دانشوروں کی طرف سے فکر حالی پر سامنے آنے والے ردّ عمل کے عوامل کا جائزہ بھی لیا گیا ہے۔ یہ مقالہ اسلامیات اور اردو ادبیات کے سنگم پر تدوین پانے کے بموجب، خاص جذابیّت کا حامل ہے۔

کتاب شناسی کے عنوان سے مقالات کی اشاعت مجلّہ نور معرفت کی اشاعتی پالیسی کا مستقل حصہ ہے۔ اسی سلسلے کو آگے بڑھاتے ہوئے موجودہ شمارے میں بھی چوتھی صدی کی دو اہم کتب کا تعارف شامل ہے۔ اس شمارے کے چھٹے مقالے میں اس صدی کے عظیم محدّث محمد ابن یعقوب الکلینی کی کتاب "الکافی" کے باب "کتاب الصیام" کے تعارف کے تحت روزے کی فرضیت، فضیلت اور اہمیت سے مربوط "الکافی" کی چند اہم تفسیری احادیث نقل کی گئی ہیں؛ جن کے طفیل اِن آیاتِ کریمہ کی تفسیر کے نئے گوشے سامنے آتے ہیں۔ اس کے علاوہ، روزے کے فضائل سے مربوط چند عمومی احادیث بھی نقل کی گئی ہیں جس سے اِس عبادت کی عظمت کا بہتر ادراک حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اس شمارے کے ساتویں مقالے میں الکلینیؒ کے معاصر اور ایک عظیم مفسر، جناب محمد بن عیاشی کی تفسیر " تفسیر عیاشی" کا تفصیلی تعارف بھی شامل ہے۔ مقالات کے سلسلے کا آٹھواں مقالہ "الانخفاض الفادح في سعر الدراهم الفضية و اثره على الأحكام الفقهية" کے عنوان کے تحت ایک فقہی، اجتہادی بحث پر مشتمل ہے۔ یہ مقالہ اُن فقہی مسائل کی عصری تطبیقات میں عصرِ حاضر کے علماء کے لئے رکھتا ہے جن مسائل میں چاندی کے درہم کی قدر و قیمت کا تعین اساسی حیثیت رکھتا ہے۔

An Analytical Study of the Theory of Separation between Religion and Politics کے عنوان سے مزین، اس شمارے کا آخری مقالہ Islamic اور Western Perspectives سے دین اور سیاست کی باہمی نسبت اور ارتباط کا عقلی دلائل کی روشنی میں تفصیلی جائزہ لیتا ہے۔ مقالات کے اِس تنوع نے مجلّہ نور معرفت کے موجودہ شمارے کو گوہر بار بنادیا ہے۔ ہمیں امید ہے کہ ہمیشہ کی طرح یہ شمارہ بھی اہلِ علم ودانش کو فکر و نظر کے نئے گوشوں سے متعارف کروائے گا۔ ان شاء اللہ !

مدیر مجلّہ،

ڈاکٹر محمد حسنین نادرؔ